ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

انسانی حقوق سے متعلق موبائل ایپ متعارف کرانیکا فیصلہ۔

موبائل ایپ صوبائی سطح پر وومن پروٹیکشن سیل کے لیئے کام کریگی۔

کراچی 06 اکتوبر 2020ء:۔

آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس میں صوبائی سطح پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی روک تھام کے حوالے سے وومن پروٹیکشن سیل کے لیئے موبائل ایپ اور ویب پورٹل کی تشکیل اور متعارف کرانیکا فیصلہ کیا گیا۔

اس خصوصی ایپ کی تیاری اور متعارف کرانیکا مقصد دراصل انسانی حقوق سے متعلق مختلف نوعیت کے جرائم، خواتین اور بچوں کے خلاف ہونیوالے انتہائی سنگین وگھناؤنے جرائم کا انسداد اور مرتکبین کو قانون کی گرفت میں لا کر انہیں متعلقہ عدالتوں سے مثالی سزاؤں کے عمل کو یقینی بنایا جانا ہے۔

تعارفی اجلاس کو ویمن پروٹیکشن سیل کیلئے موبائل ایپ اور ویب پورٹل کے آغاز کے حوالے سے بتایا گیا کہ ویب پورٹل کی تیاری پر کام کیا جاچکا ہے جبکہ پہلے مرحلے میں ویمن پروٹیکشن سیل کی تربیت بھی آئندہ ہفتے سے شروع کی جائیگی۔ بعدازاں پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر اسکا افتتاح کیا جائیگا۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی حیدرآباد، ایڈیشنل آئی جی کراچی، سکھر، لاڑکانہ، شہید بینظیر آباد، حیدرآباد، میرپورخاص رینج کے ڈی آئی جیز، زونل ڈی آئی جیز کراچی، ضلعی ایس ایس پیز/ ایس پیز سندھ نے ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ علاوہ ازیں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن، کرائم سندھ، اے آئی جیز ایڈمن، آپریشنز سندھ، ڈائریکٹر آئی ٹی سی پی او اور ایس پی سہائے عزیز، نزہت شیریں (SCSW)، انیس ہارون (FHRCP)، حیاء ایمان، روبینہ بروہی (PSC)، عالیہ شاہد سیکریٹری WWD اور ماروی اعوان کورآرڈینیٹر WCPC نے اجلاس میں براہِ راست شرکت کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔


17:42
Select Language
Women Protection Cell
Login
shahzad.fakhar@ymail.com
Login
FORGOT PASSWORD ?
NEW USER ?
Register As New User


PROUD TO SERVE
SINDH POLICE
WOMEN PROTECTION CELL
STOP
VIOLENCE
AGAINST
WOMEN